## متحدہ قومی موومنٹ کے تحت سانحہ 31، اکتوبر 1986ء کے شہداء کی 23 برسی منائی گئی

## ملک بھر میں قرآن خوانی کے اجتماعات منعقد کئے گئے، مرکزی اجتماع نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ہوا

کراچی۔۔۔31، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام سانحہ 31، اکتوبر 1986ء سہراب گوٹھ کے شہداء کی 23 ویں برسی ملک بھر میں انتہائی عقیدت واحترام کے ساتھ منائی گئی اور شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ برسی کے سلسلے میں کراچی سمیت اندورن سندھ، صوبہ پنجاب، صوبہ سرحد، صوبہ بلوچستان، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں واقع ایم کیوایم کے دفاتر پر قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد کئے گئے۔ اس سلسلے کا مرکزی اجتماع ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں منعقد ہوا جس میں شہداء کی روح کے ایصال ثواب قرآن خوانی کی گئی۔ برسی کے اجتماع میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز انیس احمد قائم خانی، رابطہ کمیٹی کے اراکین انیس ایڈووکیٹ، ڈاکٹر نصرت، شاکر علی، کیف الوریٰ، کراچی شہری حکومت کے حق پرست ناظم اعلیٰ سید مصطفیٰ کمال، ایم کیوایم کے مختلف ونگز اور شعبہ جات کے اراکین اور کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔ بعدازاں اجتماعی دعا کی گئی جس میں سانحہ سہراب گوٹھ کے شہداء سمیت تمام حق پرست شہداء کے بلند درجات، لواحقین کیلئے صبر جمیل، اسیر کارکنان کی جلد رہائی اور بلند حوصلے، ملک سے دہشت گردی کے خاتمے، ملک کی سلامتی اور استحکام کے علاوہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت تندرستی کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں۔

## پیپلز پارٹی پنجاب اور تحریک جعفریہ کے متعدد رہنماؤں کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

## حاجی مختار بھٹی، بابا صداقت علی، مرید حسین سندھو اور سید اعجاز حسین شمسی کا الطاف حسین کی قیادت پر اظہار اعتماد

## عوام دشمن اقتدار مافیا قائد تحریک الطاف حسین کے حق پرستانہ انقلابی نظریے سے خوف زدہ ہے، سیف یار خان

لاہور ۔۔۔ 31 اکتوبر 2009ء

پیپلز پارٹی پنجاب اور تحریک جعفریہ کے متعدد سرگرم رہنماؤں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے حق پرستانہ فکر وفلسفہ اور غریب ومتوسط طبقے کے حقوق کے حصول کیلئے عملی جدوجہد سے متاثر ہوکر اپنے کارکنوں اور حامیوں کی بڑی تعداد کے ہمراہ متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ پیپلز پارٹی پنجاب کونسل کے رکن حاجی مختار علی بھٹی، پیپلز پارٹی لاہور کے سینئر نائب صدر بابا صداقت علی، پی پی پی یوسی 14 کے سینئر نائب صدر مرید حسین سندھو اور تحریک جعفریہ لاہور کے صدر سید اعجاز حسین شمسی نے گزشتہ روز لاہور کی بابا فرید کالونی میں حیدری چوک، کوٹ لکھپت پر منعقدہ ایک بڑے اجتماع میں متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت اختیار کرنے کا باقاعدہ اعلان کرتے ہوئے جناب الطاف حسین کی قیادت پر بھرپور اعتماد کا اظہار کیا۔ اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان، حق پرست رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر عبدالقادر خانزادہ، صوبائی وزیر سندھ خالد بن ولایت، ایم کیوایم پنجاب کے رہنما عنصر علی بٹر، رانا فرحت ایڈوکیٹ، مقصود اعوان ایڈوکیٹ، کرنل (ر) آغا جہانگیر، لاہور کے معززین اور علاقے کے عام شہری بھی بڑی تعداد میں موجود تھے۔ رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت اختیار کرنے والی ممتاز سیاسی شخصیات کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ عوام دشمن اقتدار مافیا قائد تحریک الطاف حسین کے حق پرستانہ انقلابی نظریے سے خوف زدہ ہے، یہی وجہ ہے جاگیرداروں، وڈیروں اور سرداروں کے مفادات کے تحفظ کیلئے پورے پاکستان خصوصاً پنجاب میں الطاف حسین کے خلاف انتہائی گھناؤنا پروپیگنڈا کیا گیا تاکہ غریب اور متوسط طبقے کے عوام کو الطاف حسین کی حق پرست تحریک سے دور رکھا جاسکے لیکن حق آنے کیلئے اور باطل جانے کیلئے ہوتا ہے، آج پنجاب کے عوام یہ بات اچھی طرح جان گئے ہیں کہ الطاف حسین حق پر ہیں اور یہ بھی کہ غریب ومتوسط طبقے کے عوام اپنے جائز حقوق صرف الطاف حسین کی قیادت میں ہی حاصل کرسکتے ہیں، اب وہ وقت دور نہیں جب جاگیرداروں، وڈیروں اور سرداروں کے استحصالی باطل نظام کا مکمل طور پر خاتمہ ہوجائے گا۔

## ایم کیوایم گلگت بلتستان کے مسائل حل کرنے کیلئے آئی ہے ، حامد عابدی

## گلگت بلتستان کے عوام آزادی کے 62 سال بعد بھی جائز حقوق سے محروم ہیں ، حق پرست امیدوار الطاف حسین میر

## جا گیر بسین کے علاقے میں حق پرست امیدوار کے انتخابی دفتر کا افتتاح ، عوام کی جانب سے بھر پور حمایت کی یقین دہانی

گلگت ۔۔۔ 31، اکتوبر 2009ء

سندھ کے سابق صوبائی مشیر اطاعات حامد عابدی نے جا گیر بسین کے علاقے میں گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی حلقہ نمبر 1 کے حق پرست امیدوار الطاف حسین میر کے انتخابی دفتر کا افتتاح کیا۔اس موقع پر موجود علاقے کے عوام کی بڑی تعداد نے متحدہ کے رہنماؤں کا پر جوش خیر مقدم کیا اور یقین دہانی کرائی کہ وہ 12 نومبر کو ہونے والے انتخابات میں حق پر ست امیدوار الطاف حسین میر کو بھاری تعداد میں ووٹ دیکر کامیاب کرائیں گے ۔حامد عابدی نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم گلگت بلتستان کے عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے آئی ہے۔قائد تحریک جناب الطاف حسین نے عزم کر رکھا ہے کہ وہ پاکستان کے 98 فیصد غریب ومتوسط کے عوام کو ہرقسم کے استحصال سے نجات دلائے بغیر چین سے نہیں بیٹھیں گے۔حق پرست امیدوار الطاف حسین میر نے کہا کہ یہ انتہائی افسوس کی بات ہے کہ گلگت بلتستان کے عوام آزادی کے 62 سال بعد بھی جائز حقوق سے محروم ہیں ، ہم گلگت بلتستان کے عوام کے ووٹوں سے منتخب ہوکر انہیں تمام جائز حقوق دلانے کی بھر پور جدو جہد کریں گے۔اس موقع پر اے پی ایم ایس او کے ذمہ دار دانش احمد نے بھی خطاب کیا۔

## ایم کیوایم مکمل اقتدار کے بعد ملک کی دولت لوٹنے والوں کا احتساب کرے گی ، وسیم اختر ، صلاح الدین

## GBLA-3 کی نشست پر نامزد حق پرست امیدوار کیپٹن (ر) ہادی حسین کی انتخابی مہم کے سلسلے میں رحیم آباد میں منعقدہ کارنر میٹنگ سے خطاب

گلگت ۔۔۔ 31، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی وسیم اختر اور صلاح الدین نے کہا ہے کہ ایم کیوایم سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے اور مکمل اقتدار میں آنے کے بعد ملک کی دولت لوٹ کر عیاشیاں کرنے والوں کا احتساب کرے گی۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی کی نشست GBLA-3 کی نشست پر نامزد حق پرست امیدوار کیپٹن (ر) ہادی حسین کی انتخابی مہم کے سلسلے میں رحیم آباد میں منعقدہ بڑی کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔کارنر میٹنگ میں ایم کیوایم کی علماء کمیٹی کے وفد میں شامل علامہ اظہر حسین نقوی اور ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے اراکین کے علاوہ رحیم آباد اور اطراف سے متصل علاقوں کے نوجوانوں اور بزرگوں نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی اور 12 نومبر کو ہونے والے انتخابات میں ایم کیوایم کی بھر پور حمایت کا یقین دلایا۔کارنر میٹنگ سے اپنے خطاب میں وسیم اختر اور صلاح الدین نے کہا کہ ایم کیوایم ملک کے نازک ترین حالات میں افہام وتفہیم کی سیاست کوفروغ دے رہی ہے تا کہ دہشت گردی اور انتہاء پسندی کا مقابلہ قوم متحد ہوکر کر سکے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم پر طرح طرح کے الزامات عائد کر کے ملک بھر کے عوام سے بدظن کیا گیا اور ایم کیوایم پر الزامات عائد کرنے والے ہی دراصل جا گیردارانہ ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے محافظ ہیں اور وہ نہیں چاہتے کہ حق پرستی کے فکر وفلسفہ اور نظریے کے پرچم تلے ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقے کے عوام منظم ہوں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نے غریب ومتوسط طبقے کی قیادت کو ایوانوں میں متعارف کرا کر ثابت کر دیا ہے کہ وہ ملک کے فرسودہ نظام کو ایک دن ضرور جڑ سے اکھاڑ پھینکے گی اور وہ دن ضرور آئے گا جب ملک بھر پر غریب ومتوسط طبقے کی حکمرانی ہوگی۔وسیم اختر اور صلاح الدین نے کارنر میٹنگ کے شرکاء سے اپیل کی کہ وہ 12 نومبر کے دن اپنے گھروں سے ضرور نکلیں ، اپنے قیمتی ووٹ کا حق استعمال کریں اور ایم کیوایم کے حق پرست امیدواروں کو بھاری اکثریت سے کامیاب بنا کر ثابت کر دیں کہ گلگت بلتستان کے عوام بھی حق پرستی کے فکر وفلسفہ اور نظریے سے متفق ہیں۔

## کراچی سے طالبان دہشت گردوں کی مسلسل گرفتاری کے واقعات طالبانائزیشن کی سازش

## سے انکار کرنے والے عناصر کے منہ پر زوردار طمانچہ ہے ، ارکان قومی اسمبلی

## دین اسلام کے نام پر ہم مذہب بھائیوں کو خودکش حملوں میں قتل کرنے والے کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں ہوسکتے

کراچی ۔۔۔ 31، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کراچی کے علاقے سہراب گوٹھ سے کالعدم تنظیم کے مزید تین دہشت گردوں کی گرفتاری اور ان کے قبضہ سے اسلحہ اور گولہ

بارود کی برآمدگی پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ کراچی کے مختلف علاقوں سے طالبان دہشت گردوں کی مسلسل گرفتاری کے واقعات کراچی میں طالبانائزیشن کی سازش سے انکار کرنے والے عناصر کے منہ پر زوردار طمانچہ ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین گزشتہ کئی برسوں سے ملک بھر کے عوام کو طالبانائزیشن کے خطرے سے آگاہ کرتے رہے ہیں لیکن بعض سیاسی و مذہبی جماعتوں کے رہنماؤں، دانشوروں، تجزیہ نگاروں اور اینکر پرسن کی جانب سے ان کے خدشات کو محض واویلا قرار دیکر قوم کو گمراہ کیا جاتا رہا۔قومی اسمبلی میں نظام عدل ریگولیشن کی مخالفت پر ایم کیو ایم کو تنقید کا نشانہ بنایا گیا لیکن دنیا نے دیکھ لیا کہ درندہ صفت طالبان دہشت گردوں نے اس معاہدے کے باوجود خودکش حملے کئے، مساجد، امام بارگاہوں، بزرگان دین کے مزارات، لڑکیوں کے اسکولوں پر بم دھماکے کئے اور ہزاروں بے گناہ شہریوں کو خاک وخون میں نہلا یا۔ انہوں نے کہا کہ کراچی کے مختلف علاقوں سے طالبان دہشت گردوں کی مسلسل گرفتاریوں کے واقعات اس بات کا ثبوت ہے کہ طالبان دہشت گرد کراچی میں موجود ہیں اور ان کی گرفتاریوں کے واقعات کراچی میں طالبانائزیشن کی سازش سے انکار کرنے والے عناصر کے منہ پر زوردار طمانچہ ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ دین اسلام کے نام پر اپنے ہم وطن اور ہم مذہب بھائیوں کو خودکش حملوں میں قتل کرنے والے درندہ صفت دہشت گرد کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں ہو سکتے۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اور صوبائی وزیر داخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا کہ صوبہ سندھ اور اس کے دارالخلافہ کراچی میں طالبان دہشت گردوں کی موجودگی کا فوری نوٹس لیا جائے اور درندہ صفت دہشت گردوں کے خلاف مزید ٹھوس کارروائی کی جائے۔

## پبلک ٹرانسپورٹ میں اضافہ کر کے ایک اور معاشی بم گرادیا گیا ہے، ارکان سندھ اسمبلی

کرائے میں اضافہ واپس لیا جائے

کراچی۔۔۔31، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے ارکان سندھ اسمبلی نے پبلک ٹرانسپورٹ کے کرائے میں اضافے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مہنگائی کے دور میں اس عمل کو غریب عوام پر ظلم قرار دیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ پبلک ٹرانسپورٹ کے کرائے میں اضافہ عوام کے مالی مسائل کو نظر انداز کر کے کیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ غریب عوام گزشتہ کئی برسوں سے مہنگائی کے خاتمے کیلئے مؤثر اقدامات کا مطالبہ کر رہے ہیں مگر ان پر پبلک ٹرانسپورٹ میں اضافہ کر کے ایک اور معاشی بم گرادیا گیا ہے۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ پبلک ٹرانسپورٹ کے کرائے میں اضافہ واپس لیا جائے اور مہنگائی کے دور میں عوام کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

## تاجروں کو چینی کی فراہمی اور فروخت کا نظام مانیٹر نہیں کیا جارہا ہے، حق پرست ارکان قومی اسمبلی

## غریب عوام کو 40 روپے کلو چینی کہیں بھی دستیاب نہیں ہے

کراچی۔۔۔31، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کراچی سمیت ملک بھر میں چینی کے بحران کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ غریب عوام کو چینی 40 روپے فی کلو کہیں بھی دستیاب نہیں ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ذخیرہ اندوزوں نے چینی صرف مخصوص دکانداروں کو مہنگے داموں فروخت کرنے کی منصوبہ بندی کر لی ہے اور رہائشی علاقوں سے چینی غائب کر دی گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ تاجروں کو چینی کی فراہمی اور فروخت کا نظام مانیٹر نہیں کیا جارہا ہے۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ کراچی سمیت ملک بھر میں چینی کے بحران کا سختی سے نوٹس لیا جائے، چینی بحران میں ملوث افراد کو قانون کی گرفت میں لیا جائے اور ملک بھر کے عوام کو چینی کی وافر مقدار کی فراہمی یقینی بنا کر مصنوعی بحران کا خاتمہ کیا جائے۔

## ایم کیوایم محمود آباد سیکٹر کے کارکن شاہد حسین اور قمبر شہداد کوٹ زون کے کارکن گدا حسیں سومرو کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔31، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم محمود آباد سیکٹر یونٹ یوسی 5 کے کارکن شاہد حسین اور ایم کیوایم قمبر شہداد کوٹ زون یونٹ وارہ کے کارکن گدا حسیں سومرو کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## شاہد حسین اور گدا حسیں سومرو کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔31، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم محمود آباد سیکٹر یونٹ یوسی 5 کے کارکن شاہد حسین اور ایم کیوایم قمبر شہداد کوٹ زون یونٹ وارہ کے کارکن گدا حسیں سومرو کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## اے پی ایم ایس او جامعہ وفاقی اُردو یونیورسٹی اور ایم کیوایم شاہ فیصل کالونی سیکٹر یونٹ کے کارکن کاشف سلیم جعفری شہید کے والد ہاشم جعفری کے انتقال پر اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔31 اکتوبر، 2009

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کی مرکزی کابینہ نے اے پی ایم ایس او جامعہ وفاقی اُردو یونیورسٹی کے کارکن کاشف سلیم جعفری شہید کے والد ہاشم جعفری کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔مرکزی کابینہ نے مرحوم کے تمام لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے عا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆